## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی جانب سے پاکستان سمیت دنیا بھر کی مسیحی برادری کوایسٹر کے تہوار کی دلی مبارکباد
## حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دنیا کوامن،محبت،احترام انسانیت اورمجبور و بے کس لوگوں کی مدد کادرس دیا
## مسیحی برادری اپنی عبادات میں پاکستان کی بقاوسلامتی،ترقی وخوشحالی اورامن عالم کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔4 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کی مسیحی برادری کوایسٹر کے تہوار کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دنیا کوامن،محبت،احترام انسانیت اورمجبور و بے کس لوگوں کی مدد کادرس دیا،آج دنیا میں امن ومحبت اوراحترام انسانیت کے اسی درس کوعام کرنے کی ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے مسیحی برادری کوایسٹر کے تہوار کی مبارکباد پیش کی اور مسیحی برادری سے کہا کہ وہ اپنی عبادات میں پاکستان کی بقاوسلامتی،ترقی وخوشحالی اورامن عالم کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## داؤدی بوہرہ برادری کے روحانی پیشواسیدنابرہان الدین کی 99ویں سالگرہ پرداؤدی بوہرہ برادری کوالطاف حسین کی دلی مبارکباد
## مذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورامن و بھائی چارے کے سلسلے میں سیدنابرہان الدین اورداؤدی بوہرہ جماعت کا کردارمثالی ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔4 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے داؤدی بوہرہ برادری کے روحانی پیشواسیدنابرہان الدین کی 99ویں سالگرہ پر پاکستان اور بھارت سمیت دنیا بھر میں آباد داؤدی بوہرہ برادری کوایم کیوایم کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مختلف مذاہب اورفقہوں کے ماننے والوں کے درمیان مذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورامن و بھائی چارے کے قیام کے سلسلے میں سیدنابرہان الدین اورداؤدی بوہرہ جماعت کا کردارمثالی ہے۔جناب الطاف حسین نے داؤدی بوہرہ برادری کے ایک ایک فردکوسیدنابرہان الدین کی 99ویں سالگرہ پردل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اورسیدنابرہان الدین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعا کی۔

## بوہرہ جماعت کے فیض حکیمی کی سربراہی میں وفدکی نائن زیروپرانیس احمد قائم خانی،رضاہارون اورکیف الوریٰ سے ملاقات
## رابطہ کمیٹی نے داؤدی بوہرہ برادری کو جناب الطاف حسین کی جانب سے سیدنابرہان الدین کی 99ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

بوہرہ جماعت کے فیض حکیمی کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے اتوار کے روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپررابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس احمد قائم خانی،رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اوررکن کیف الوریٰ سے ملاقات کی۔ملاقات میں فیض حکیمی نے داؤدی بوہرہ برادری کے روحانی پیشواسیدنامحمد برہان الدین کی 99ویں سالگرہ پررابطہ کمیٹی کومٹھائی پیش کی اس موقع پررابطہ کمیٹی نے وفد کے ارکان اورداؤدی بوہری برادری کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سید برہاالدین کی سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اوران کیلئے نیک خواہشات اورجذبات کا اظہارکیا۔

## چینل ۵ کے ڈائریکٹر نیوزارشدورک کا نائن زیروکادورہ،رابطہ کمیٹی کے رکن کنورنویدجمیل سے ملاقات

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

چینل ۵ کے ڈائریکٹر نیوزارشدورک نے اتوار کے روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروکا دورہ کیااورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنورنویدجمیل سے ملاقات کی۔اس موقع پرایم کیوایم مرکزی شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارجز وسیم اختر،سیف عباس حسنی اورقمرمنصوربھی موجود تھے۔ملاقات میں دونوں جانب سے آزادی صحافت اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پرتبادلہ خیال کیا۔ملاقات میں ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نے ارشدورک کی نائن زیروآمد پران کاشکریہ ادا کیا جبکہ ارشدورک نے ایم کیوایم کے تنظیمی کام کے طریقہ کار کوسراہا۔

## ایم کیوایم عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اسی جذبے کے تحت محنت کشوں کے مسائل حل کررہی ہے، رابطہ کمیٹی
## کے ای ایس سی کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے ادارے کے تمام عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کا زبردست خیر مقدم
## مستقل ہونے والے ایک ایک ملازم کو رابطہ کمیٹی کی دلی مبارکباد

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے ادارے کے تمام عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور ملازمین کو مستقل کرنے کیلئے ایم کیوایم کی مرکزی لیبر ڈویژن کے ذمہ داران، کے ای ایس سی یونٹ اور ادارے کی سی بی اے کے عہدیداران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے مستقل ہونے والے ایک ایک ملازم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے عارضی ملازمین عرصہ دراز سے اپنے روزگار کیلئے شدید ذہنی اذیت کا شکار تھے جو وقتاً وقتاً اپنے جائز مطالبات کیلئے احتجاج بھی کررہے تھے۔رابطہ کمیٹی نے ادارے کے عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کیلئے لیبر ڈویژن ، کے ای ایس سی یونٹ اور سی بی اے کے ذمہ داران کے کردار کو سراہا۔رابطہ کمیٹی نے کے ای ایس سی کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے تمام کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کے بعد 2009ء میں ترقی پانے والے افسران کو بھی جلد مستقل کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے اور انہیں پیشگی مبارکباد دیتے ہوئے اور کہا کہ وہ محنت اور دیانتداری سے کام کریں اور اپنے ادارے کی ترقی وخوشحالی اور شہریوں کے وسیع تر مفاد میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر کراچی دوستی کا ثبوت دیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محنت کش طبقہ کسی بھی ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہوتا ہے جو ملکی معیشت کو چلانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے محنت کشوں کے جائز مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے اور محنت کشوں کو ان کا حق دلایا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اسی جذبے کے تحت محنت کشوں کے مسائل حل کررہی ہے، کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کا معاملہ ایم کیوایم کی عملی خدمت کا واضح ثبوت ہے جسے ملازمین ہمیشہ یاد رکھیں گے۔رابطہ کمیٹی نے تمام کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے پر کے ای ایس سی انتظامیہ، ایم کیوایم لیبر ڈویژن، سی بی اے عہدیداران اور مستقل ہونے والے ایک ایک ملازم کو ایک دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

## پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین آل پاکستان DMOs ورکرز ایمپلائیز یونین نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرلی
## محنت کشوں سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام ایم کیوایم کو ہی اپنا نجات دہندہ تصور کررہے ہیں، رضا ہارون
## پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم میں کامیابی کے بعد نائن زیرو پر مبارکباد دینے کیلئے آنے والے محنت کشوں کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم 2010ء میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ آل پاکستان DMOs ورکرز ایمپلائیز یونین نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرلی۔ریفرنڈم کے نتائج میں DMOs ورکرز ایمپلائیز یونین کی کامیابی کی خوشی میں ادارے کے محنت کش بڑی تعداد میں گزشتہ شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پہنچے اور ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کی بھاری اکثریت سے کامیابی کی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، سلیم تاجک، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور دیگر نے محنت کشوں کا استقبال کیا اور پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کی کامیابی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی فتح قرار دیا۔محنت کشوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے کہا کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام سمجھ چکے ہیں کہ ان کا مستقبل قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو اپنانے سے ہی سنور سکتا ہے اور محنت کشوں سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام ایم کیوایم کو ہی اپنا نجات دہندہ تصور کررہے ہیں۔انہوں نے پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈ میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی کہ وہ ادارے کی ترقی وخوشحالی اور محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے ایمانداری اور دیانتداری سے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے کہا کہ ریفرنڈم جیتنے کے بعد لازم ہے کہ آپ بلاتفریق رنگ ونسل ہر ایک ملازم کے حل طلب مسائل کیلئے کوشاں رہیں اور اپنی ذمہ داریوں پر پورا اتر کر ادارے کی ترقی وخوشحالی میں اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

## پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کی بھاری اکثریت سے کامیابی پرنومنتخب عہدیداران کورابطہ کمیٹی کی مبارکباد
## نومنتخب عہدیداران محنت کشوں کے جائز مسائل کے حل کیلئے ہرسطح پرآواز بلند کریں، رابطہ کمیٹی کی تلقین

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم برائے 2010ءمیں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ آل پاکستان DMOsورکرزایمپلائیز یونین کی بھاری اکثریت سے کامیابی پرنومنتخب عہدیداران کودلی مبارکباد پیش کی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان پوسٹ میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کا کامیاب ہونا محنت کشوں کے ایم کیوایم پراعتماد کا ثبوت ہےاورقائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کی فتح ہے ۔رابطہ کمیٹی نے پاکستان پوسٹ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین کےنومنتخب عہدیداران کوتلقین کی کہ وہ محنت کشوں کے جائز مسائل کےحل کیلئے ہرسطح پرآواز بلند کریں اورادارے کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنامثبت کرداراداکریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کالاہورزون کمیٹی کے ہمراہ مینار پاکستان کادورہ۔

لاہور۔۔۔4اپریل،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےاراکین سیف یارخان،افتخاراکبررندھاوااورڈاکٹرعلی حسین چوہدری کالاہورزون کمیٹی کےاراکین کےہمراہ25اپریل کومنعقدہونے والے کنونشن کےسلسلے میں مینار پاکستان کادورہ کیااورسیکورٹی سسٹم کاجائزہ لیاتاکہ انتظامات کوآخری شکل دی جاسکے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےاراکین کےساتھ گڑھی شاہوکےکارکنان کااجلاس۔

لاہور۔۔۔4اپریل،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےاراکین سیف یارخان اورافتخاراکبررندھاوانے لاہورڈسٹرکٹ کےانچارج کےہمراہ گڑھی شاہوکےعلاقے کپ سٹورمیں کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کافکروفلسفہ اس بات کاثبوت ہے کہ لوگ بڑھ چڑھ کرایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں،اوراب عوام بھی اس فرسودہ اور گلےسڑےنظام سےتنگ آچکی ہے،انہوں نےکہاکہ اب وہ وقت دورنہیں ہے جب پنجاب کےہرگلی ہرمحلےمیں بھی ایم کیوایم کاپرچم لہرائےگااوربچے بچےکی زبان پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کانام ہوگا۔

## آئینی اصلاحات کی کامیابی میں ایم کیوایم کابہت بڑااوراہم کرداررہاہے،کشورزہرا
## ایم کیوایم شعبہ خواتین کےتحت خورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں منعقدہ خواتین کےماہانہ اجلاس سےخطاب

کراچی۔۔۔4،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشورزہرانےکہاہےکہ ایم کیوایم تمام صوبوں کیلئےمکمل صوبائی خودمختاری چاہتی ہےاورآئینی اصلاحات کی کامیابی میں ایم کیوایم کابہت بڑااوراہم کرداررہاہے۔یہ بات انہوں نےگزشتہ روزایم کیوایم شعبہ خواتین کےزیراہتمام خورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں منعقدہ خواتین کےماہانہ اجلاس سےخطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں خواتین نےبڑی تعدادمیں شرکت کی جبکہ ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر یونٹ162 کےشہیدکارکن راشدقریشی کی بیوہ نے اجلاس میں بطورمہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پرایم کیوایم کےشہیداورانتقال کرجانےوالےکارکنان کےایصال ثواب کیلئےفاتحہ خوانی بھی کی گئی۔اجلاس سےخطاب کرتے ہوئےکشورزہرانےکہاکہ ایم کیوایم واحدجماعت ہےجس نےخواتین میں شعوربیدارکیااورانہیں حقوق کےحصول کاراستہ دکھایا۔انہوں نےکہاکہ ایم کیوایم میں شامل خواتین احساس تحفظ کےساتھ نہ صرف ملک میں جاری فرسودہ نظام کےخاتمےکی جدوجہدکررہی ہے بلکہ خواتین کےجائزحقوق کی جدوجہدبھی انجام دےرہی ہیں۔انہوں نےکہاکہ جس جماعت میں ایسی بہادرخواتین شامل ہوں جوایم کیوایم کےخلاف بدترین آپریشن کےدوران بھی ثابت قدم رہیں اورحق پرستی کےمشن ومقصدکوآگےلیکربڑھیں اس جماعت کودنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دےسکتی۔اجلاس سےایم کیوایم شعبہ خواتین کی رکن محترمہ ثروت عثمان نےبھی خطاب کیا۔

## ایسٹر کے موقع پر ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد اور حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے مسیحی بستیوں کے دورے کئے
## مسیحی عوام کو الطاف حسین کی جانب سے ایسٹر کی مبارکباد پیش کی، ایسٹر کی تقریبات میں شرکت کی اور کیک کاٹے
## الطاف حسین پاکستانی مسیحیوں کے عظیم قائد ہیں، اسٹیفن آصف

کراچی ۔۔۔4، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد اور حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن نے ایسٹر کے موقع پر مختلف مسیحی بستیوں کا دورہ کیا اور گرجا گھروں میں جا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مسیحی عوام کو ایسٹر کی دلی مبارکباد پیش کی ۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وجے مہاراج گوسوامی اور رکن پطرس مسیح بھی موجود تھے ۔ اسٹیفن آصف اور عبدالاحد نے لیاقت آباد ٹاؤن میں واقع مسیحی بستی پنجابی کالونی، ایف سی ایریا، جمشید ٹاؤن میں کشمیر کالونی، کورنگی ٹاؤن میں ضیاء کالونی، بن قاسم ٹاؤن میں بھینس کالونی اور صدر ٹاون میں واقع مسیحی بستی ریلوے کالونی کے دورے کئے اور ایسٹر کی تقریبات میں شرکت کی اور مسیحی عوام کے ہمراہ ایسٹر کے کیک کاٹے ۔ اس موقع پر حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے مسیحی عوام کے اجتماعات سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستانی مسیحیوں کے عظیم قائد ہیں جنہوں نے اقلیتوں کو ایک نئی امید اور حوصلہ دیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اقلیتی برادریوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے اور ان کے جائز حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد بھی کر رہی ہے ۔ ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد نے اجتماعات میں مسیحی عوام کو ایسٹر کی دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ انسانیت کی بلاتفریق خدمت ہے ۔

## عوامی اقتدار کا واحد پلیٹ فارم ایم کیو ایم ہے، ڈاکٹر افتخار بخاری
## پنجاب کے عوام ایم کیو ایم رکنیت سازی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں، فیصل فجاج

لاہور ۔۔۔4 اپریل، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر افتخار حسین بخاری فیصل فجاج ڈار اور ڈاکٹر ایم آر رحمان نے عوامی رابطہ مہم کے دوران پنجاب میں ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر عوام کی دلچسپی اور بھرپور شرکت کو خراج تحسین پیش کیا، ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے کہا کہ اس وقت عوامی اقتدار کا واحد پلیٹ فارم ایم کیو ایم ہے، ایم کیو ایم کے لاہور زون کے آفس سیکرٹری فیصل فجاج ڈار نے کہا کہ پنجاب کے عوام ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اس موقع پر ایم کیو ایم لاہور زون کے فنانس سیکرٹری ڈاکٹر ایم آر رحمان رانا نے کہا کہ پنجاب سے لاکھوں کی تعداد میں رکنیت کے طور پر عوام کا رجحان یہاں ایک مثبت جمہوری تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے اور پنجاب ایک سیاسی تبدیلی کی کروٹ لے رہا ہے، ایم کیو ایم کی پنجاب بھر میں عوامی رابطہ اور رکنیت سازی کی مہم زور و شور سے جاری ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ پورے پاکستان بالخصوص پنجاب کے عوام کے دلوں میں بھی گھر کر رہا ہے اور اب وہ وقت دور نہیں ہے جب پنجاب کے عوام بھی ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہو جائیں گے ۔

## ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے رہائشی شجاعت علی خان کا ایم کیو ایم سے تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔4، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے رہائشی شجاعت علی خان ولد سردار علی خان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شجاعت علی خان جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اور خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ شجاعت علی خان کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے ۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر اور لیبر ڈویژن کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن محمد شاکر انصاری کی والدہ محترمہ نفیسہ خاتون اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن ایجوکیشن بلدیات یونٹ کے کارکن سید حسن مسعود ہاشمی کے بھائی سید حسن محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆